2021 年 4 月 22 日ジャング紙
ラホール版 6 面

بھارت، اسلامی سکالر مولانا وحید الدین خان کورونا سے انتقال کر گئے



لاہور (سپیشل رپورٹر) بھارت کے معروف اسلامی سکالر، مصنف، قرآن مجید کے مترجم مولانا وحید الدین خان کا دہلی میں انتقال ہو گیا۔ ان کی عمر 96 برس تھی اور کورونا کی وجہ سے گزشتہ ایک ہفتے سے شدید علیل تھے۔ بدھ کی رات ان کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی ۔ مولانا وحید الدین خان نے تذکیر القران کے عنوان سے قران مجید کا ترجمہ کیا، اردو، انگریزی، عربی میں 200 سے زائد کتابیں لکھیں جن کے دنیا کی مختلف زبانوں میں تراجم ہوئے ، بابری مسجد کی شہادت کے بعد ہندو مسلم فسادات کے دوران انھوں نے قیام امن کے لئے بھرپور کردار ادا کیا اور دنیا بھر میں امن کے سفیر کے طور پر مشہور ہوئے، انھوں نے تبلیغ اسلام کے لئے پاکستان کا بھی دورہ کیا۔ پاکستان میں ان کے نمائندہ طارق بدر نے بتایا کہ مولانا وحید الدین کورونا اور نمونیہ میں مبتلا ہونے کی وجہ سے ایک ہفتہ سے ہسپتال میں زیر علاج تھے، ان کی تدفین آج دہلی میں ہوگی۔